# الیکشن برائے فٹبال ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ لاہور

میں ضیاء عارف ڈوگر ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ لاہور کے لیے Fame Sports کلب کی طرف سے DFA لاہور کے لیے میدوار ہوں۔ یہ میرا منشور ہے جو کہ لاہور کے تمام فٹبال کلبز کے لیے ہے۔

1۔ جن کلبز کی رجسٹریشن نہیں ہوئی ان کی رجسٹریشن کی جائے گی۔

2۔ جن کو ووٹنگ رائٹ نہیں ہے ان کو ووٹنگ رائٹ دیا جائے گا تا کہ تمام کلبز اپنا حق استعمال کر سکے۔

3۔ لاہور میں ٹورنامنٹ کروائے جائیں گے جن کو ہم نام دیں گے

ا۔ راوی کپ

۲۔ راوی لیگ

۳۔ فیم فٹ بال کلب کا ٹورنامنٹ جو فیم کلب کے نام سے ہر سال کروایا جارہا ہے۔

4۔ ڈسٹرکٹ چیمپین شپ ہر سال ہوگی۔

5۔ لاہور کو پانچ زون میں تقسیم کیا جائے گا۔ A.B.C.D اور ایک سنٹرل زون ہوگا ہر زون کا ایک پریزیڈنٹ ہوگا۔ جو کہ اپنے اپنے زون کو مانیٹر کریں گے۔ ہر زون میں لیگ ہورہی ہوگی۔ جو لیگ کی ٹاپ تھری ٹیم ہوگی وہ سنٹرل زون میں چلی جائیں گی۔

لیگ A اور لیگ B

ان کا یورپین لیگ کی طرح رجسٹریشن سسٹم ہوگا اور ان میں پرائز دیے جائیں گے A لیگ لاہور کی ٹاپ لیگ ہوگی۔

6۔ مختلف ریفری کورسز کروائیں جائیں کے کوچز کورسز کروائیں جائیں گے اور ایجوکیشن کورسز کروائیں جائیں گے۔

7۔ تمام لاہور کے لیے ایک گھنٹے کے لیے تین دن تک آن لائن کلاسز ہونگی جس میں کلب کا کوئی بھی ممبر، سٹوڈنٹ ہو، ریفری ہو، تو فٹ بال کے متعلق معلومات لے سکتا ہے

8۔ ریفری کی فلاح و بہبود کے لیے کام کیا جائے گا جو کہ ہمیں پہلے بھی معلوم ہے کہ کس طرح کیا جاتا ہے کیونکہ ہمارا پہلے بھی سسٹم چل رہا ہے مخیر حضرات کے ساتھ مل کر بنک اکاؤنٹ بنایا جائے گا جس سے ریفری کی ضروریات، گھریلو اخراجات وغیرہ پورے کیے جائیں گے۔ اسی طرح لاہور کے PLAYERS کے لیے بھی ایک اکاؤنٹ بنایا جائے گا جس میں PLAYERS کی اشد ضرورت پوری کی جائے گی۔ یہ بھی مخیر حضرات کے تعاون سے ہوگا یہ چیریٹی ورک ہوگا اس پر بھرپور کام کیا جائے گا۔

9۔ ہم یہ چاہتے ہیں کہ ایک ریفری ہاؤس بنے۔

10۔ لاہور کے ریفری حضرات کو جدید آلات سے لیس کیا جائیگا۔ جس طرح ہم نے ملٹی میڈیا انتظام کر کے دیا ہے۔ دوسرا ان کو ایک اعلیٰ میعار کا سسٹم دیا جائے گا۔

11۔ جو ہم بات کر رہے ہیں اس میں فٹ بال اور فٹسال دونوں شامل ہیں یہ اسی طرح فٹبال اور فٹسال ریفری کے لیے کیا جاے گا۔

12۔ تمام لاہور کی ٹیم کے لیے ڈسٹرکٹ کارڈ بنائیں جائیں گے۔

13۔ ڈسٹرکٹ سپورٹس آفس سے رابطہ کیا جائے گا اور پاکستان سپورٹس بورڈ سے رابطہ کر کے فنڈ لینے کی کوشش کی جائے گی۔ PFF سے فنڈ لینے کی کوشش کی جائے گی

14۔ فٹبال دیے جائیں گے اور فٹبال اکو پمنٹ دیے جائیں اور فٹبال گراؤنڈ مالکان کو پابند کیا جائے گا کہ وہ ہمیں میچ کھیلانے کے لیے گراؤنڈ دیں۔

15۔ اگر کسی کے پاس کوئی اچھی تجویز ہو تو ہمیں دے سکتا جس سے فٹ بال کی بہتری ہو اور ہماری رہنمائی ہو۔

16۔ فٹسال اور فٹبال میں مخلف AGE گروپ کے ٹورنامنٹ کروائیں گے۔

17۔ بچوں کو سکول لیول، کالج لیول اور یونیورسٹی لیول تک انگیج کرنے کوشش کی جائے گی۔

18۔ کوشش کی جائے گی ہماری لاہور کی پروفیشنل لیگ ہوگی سپانسر لے کر آئیں گے بڑے بڑے لوگوں کو ساتھ شامل کیا جائے گا PLAYERS کو پروفیشنل کیا جائے گا ٹرانسفر فیس ہوگی، ٹرانسفر ونڈو ہوگی جس طرح یورپین سسٹم ہے۔

19۔ PLAYERS ایجوکیشن سسٹم لے کر آئیں گے ضرورت مند بچوں کو ہر ماہ کتابیں دی جائیں گی۔ایک رقم مختص کی جائے گی جو کہ رقم پچاس ہزار یا ایک لاکھ ہوگی کتابیں پورے لاہور میں فٹبال کے جو مستحق لوگ ہیں ان کو کتابیں دی جائیں گی تاکہ ان کے بچے پڑھ سکیں۔

20۔ فٹ بال کی ایک سب سے اہم چیز ہے ڈاکٹر کوشش کی جائے گی کہ پورے لاہور میں دو یا تین ڈاکٹر کی فری سروس دی جائے ڈاکٹر کی سروس لیں گے جو ڈسٹرکٹ اپنے خرچے پر اس کی سروس لے گی۔اور وہ ہمارے فٹ بال PLAYERS کے لیے جس کو انجری ہو جاتی ہے ان کا فری علاج کیا جائے۔

21۔ سوفی صد کوشش کی جائے گی لاہور کے بچوں کو پریفر کیا جائے جتنے بھی ٹورنامنٹ آتے ہیں، پنجاب گیم آتی ہے لاہور گیم آتی ہے یا پاکستان کی گیم آتی ہے ان کی سلیکشن کا میعار 100 فی صد میرٹ پر ہوگا، کوچز کا بھی، ریفری کا بھی اور پلییئرز کا بھی۔

22۔ جو PLAYERS پورا سال اچھا پرفارم کرے گا ان کو انعامات سے نوازا جائیگا۔

23۔ سپورٹس شاپ بنائیں گے جہاں سے سپورٹس کا سامان باقی شاپس سے 20% سستا ملے گا۔

24۔ اسی طرح اچھے ریفری کو بھی انعام دیے جائیں گے کوچز کو بھی انعام دیے جائیں جو اچھا پرفارم کریں اور ریفری کی فٹنس پر بھرپور خیال کیا جائے گا۔

25۔ اور اگر میرے مخالف جو امیدوار ہیں اگر ان کے پاس اچھا منشور ہے تو وہ لے کر آئیں اگر ان کا منشور ہم سے زیادہ اچھا ہے اور اچھا کام کرنا چاہتے ہیں تو ہم پیچھے ہٹ جائیں گے اور ان کا ساتھ دیں گے اور بالکل بھی ان کے مخالف کھڑے نہ ہونگے۔الیکشن سے دستبردار ہو جائیں گے۔اور اگر وہ ہم سے زیادہ منشور نہیں لے کر آسکتے اور ہم سے زیادہ اچھا کام نہیں کر سکتے تو ہم چاہتے ہیں کہ وہ میدان خالی چھوڑ دیں تاکہ ہم ان کو کام کر کے دیکھائیں اور ہم ان کو ساتھ لے کر چلیں اور وہ ہماری رہنمائی فرئیں۔

26۔ انشاءاللہ تمام لاہور کو ساتھ لے کر چلیں گے گروپ بندی بلکل نہیں ہم چاہیں گے۔ بلکہ سارا لاہور مل کر ایک ساتھ چلیں بس کھیلیں اور کھیلیں اور کچھ بھی نہیں۔

27۔ میں چاہتا ہوں میرے تمام پینل کو ووٹ دے کر کامیاب کیا جائے ہمارا پینل کامیاب ہوگا تو اس پر ورک کر سکے گے۔اور اگر کوئی ہمارا مخالف ہمارے ساتھ شامل ہو گیا تو ہمارے کام میں مسلہ ڈالے گا اس لیے ہمارے پینل کو کامیاب کریں۔

**ضیاء عارف ڈوگر**

FAME SPORTS FC

0300-8442094